# تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

June 10, 2021

پریس ریلیز

### نینومٹیریل کے توسط سے گرین اور قابل تجدید توانائی کے مسائل کے حل کے لیے جامعہ میں عظیم الشان ہند۔امریکہ ویبی نار اور لیکچر سریز کا انعقاد

شعبۂ کیمیا، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے وزرات تعلیم ،حکومت ہند کی اسکیم SPARC کے تحت ایڈوانسڈ فنکشنل مٹیریل فار رینوایبل انرجی اپلی کیشن کے موضوع پر نو روزہ ہند۔امریکہ ویبی نار (۱/جون تا۲/جون،۲۰۲۱ء) اور لیکچر سریز (۳/جون تا۹ /جون ۲۰۲۱ء) کا انعقاد کیا ہے۔اس کا مقصد ہائیڈروجن/ گرین/ قابل تجدید توانائی اور ماحولیاتی تدبیر سے متعلق اہم مسائل کے حل کے لیے ایڈوانسڈ فکشنل نینومٹیریل کے استعمال کو بتانا تھا۔

مؤرخہ ۹/جون ۲۰۲۱ء کو الوداعی پروگرام کے انعقاد کے ساتھ ہی ویبی نار اور لیکچر سریز اپنے اختتام کو پہنچا۔ڈاکٹر ناظم الجعفری،مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ اس موقع پر مہمان خصوصی تھے۔

پروفیسر ناہید نشاط،چیئرپرسن اور صدر شعبہ کیمیا،جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کی رپورٹ پیش کرنے کے ساتھ لوگوں کا استقبال بھی کیا۔

مہمانان اعزازی پروفیسر سرجیت بنرجی،ٹیکساس،اے اینڈ ایم یونیورسٹی اور پروفیسر۔یوابنگ ماؤ الیونوائس انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی،شکاگو،امریکہ نے پروگرام کے خصوصی خطبے اور تحقیقی سرگرمیوں میں اشتراک سے متعلق اپنے گراں قدر خیالات کا اظہار کیا۔

پروگرام کی نظامت ڈاکٹر عفانہ ریاض نے کی جب کہ ویبی نار اور لیکچر سریز کے کنو ینز اور کوآرڈی نیٹر پروفیسر توقیر احمد نے شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

ویبی نار کا افتتاح شیخ الجامعہ پروفیسر نجمہ اختر نے مؤرخہ یکم جون ۲۰۲۱ء کو معزز اور ممتاز سائنس داں پروفیسر ڈی

۔ڈی شرما، آئی آئی ایس سی، بنگلور، ڈاکٹر ناظم حسین الجعفری، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفسر سیمی فرحت بشیر، ڈین فیکلٹی آف نیچرل سائنسز بیرونی مہمانان پروفیسر بنرجی اور پروفیسر ماؤ کی موجودگی میں کیا۔

ہند۔امریکہ ویبی نار اور لیکچر سریز پروگرام کی ابتدا ممتاز سائنس داں پروفیسر ڈی۔ڈی۔شرما کی تفصیلی گفتگو سے ہوئی۔اس کے بعد چھے کلیدی خطبات ممتاز سائنس دانوں نے دیے۔جن مقررین نے اس موقع پر خطبے پیش کیے ان میں پروفیسر اے۔کے۔گانگولی، آئی آئی ٹی، دہلی، پروفیسر ارون چٹاپادھیائے آئی آئی ٹی گوہاٹی، پروفیسر اے، کے۔تیاگی بارس ممبئی، پروفیسر کے۔وی۔رامانو جاچارے، روان یونیورسٹی، پروفیسر سرجیت بنرجی اور پرفیسر ماؤ شامل ہیں۔

پروفیسر سرجیت بنرجی اور پروفیسر یوابنگ ماؤ نے مؤرخہ ۳/ جون سے ۹/ جون تک چلنے والے سات روزہ لیکچر سیریز میں آلہ بنانے، توانائی کی پیداوار اور اسٹوریج کے سلسلے میں فکشنل نینومٹیریلس کے مختلف پہلوؤں پر تقریریں کی۔

شرکا کی طرف سے ہزار سے اوپر تبصرے اور تاثرات موصول ہوئے جن سے پتا چلتا ہے کہ سائنس دانوں کی تقریروں سے شرکا بہت محظوظ ہوئے۔ویبی نار اور لیکچر سریز کے نشریے کے لیے سسکو۔ویبر ورچوئل پلیٹ فارم کا استعمال کیا گیا تھا۔

پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ویبی نار اور لیکچر سریز کے کامیاب انعقاد کے لیے شعبۂ کیمیا کی آرگنائزنگ ٹیم کو مبارک باد دی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی